SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XL مجریہ ۱۹۸۴
SINDH ORDINANCE NO.XL OF 1984
سندھ سرکاری ملازمین (دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴
THE SINDH CIVIL SERVANTS (SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ سندھ ایکٹ XIV مجریہ 1973 کی دفعہ 5 کی ترمیم
Amendment of Section 5 of Sindh Act XIV of 1973

سندھ آرڈیننس نمبر XL مجریہ ۱۹۸۴
SINDH ORDINANCE NO.XL OF 1984
سندھ سرکاری ملازمین (دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

THE SINDH CIVIL SERVANTS (SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

[6 نومبر 1984]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس سے سندھ سرکاری ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ سرکاری ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ میں ترمیم کرنا مقصود ہے۔

جس کو مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جائے گا۔ لہذا اس لئے 5 جولائی 1977 کے اعلان اور عبوری آئین 1981 کے حکم کی تکمیل میں گورنر سندھ بخوشی اس آرڈیننس کو بنا کر نافذ فرماتا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ سرکاری ملازمین (دوسری ترمیم) آرڈیننس1984 کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

سندھ ایکٹ XIV مجریہ 1973 کی دفعہ 5 کی ترمیم
Amendment of Section 5 of Sindh Act XIV of 1973

۲۔ سندھ سرکاری ملازمین ایکٹ، 1973 کی دفعہ 5 میں آخر میں آنیوالے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا۔ اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان کا اضافہ ہوگا:

بشرطیکہ معذور اشخاص، جن کی وضاحت معذور اشخاص (مقرری اور بحالی) آرڈیننس، 1981 میں کی گئی ہے، آسامی خالی ہونے کی حیثیت میں، ان کو ایک فی صد آسامیوں پر مقرر کیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔